## ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت کا سانحہ میرے لئے ناقابل یقین اور میری زندگی کا سب سے بڑا صدمہ ہے۔الطاف حسین

## یہ میرے لئے زندگی بھر کا غم ہے جسے میں زندگی بھر بھلا نہیں سکتا

## ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت میرے دل پر ایک کاری وار ہے اور زندگی کی آخری سانس تک یہ غم میرے دل پر نقش رہے گا

## ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت سے میں اپنے ابتدائی ایام کے ایک سینئر، پرعزم، باوفا اور باحوصلہ ساتھی سے محروم ہوگیا ہوں

## شہادت کے سانحہ کی اطلاع ملنے پر انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں اراکین رابطہ کمیٹی سے انتہائی صدمہ کی حالت میں گفتگو

## ڈاکٹرعمران فاروق شہید کے والدین، تمام بہن بھائیوں، بیوہ اور بچوں سے الطاف حسین کا دلی تعزیت کا اظہار

لندن۔۔۔17 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پر شدید دلی صدمہ کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت کا سانحہ میرے لئے ناقابل یقین ہے، یہ میری زندگی کا سب سے بڑا صدمہ ہے، یہ میرے لئے زندگی بھر کا غم ہے جسے میں زندگی بھر بھلا نہیں سکتا۔انہوں نے یہ بات شہادت کے سانحہ کی اطلاع ملنے پر انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں اراکین رابطہ کمیٹی سے انتہائی صدمہ کی حالت میں گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین سیکریٹریٹ پہنچے تو اس سانحہ کے باعث شدت غم سے نڈھال تھے اور ساتھیوں سے لپٹ کر رو پڑے۔اس موقع پر موجود تمام کارکنان اور اراکین رابطہ کمیٹی بھی شدت غم سے نڈھال تھے اور انہوں نے جناب الطاف حسین کو دلاسہ دیا۔اس موقع پر جناب الطاف حسین نے کہا کہ ڈاکٹرعمران فاروق رابطہ کمیٹی کے کنوینر ہی نہیں بلکہ میرے ابتدائی ایام کے ساتھی تھے،ان کی شہادت میرے دل پر ایک کاری وار ہے اور زندگی کی آخری سانس تک یہ غم میرے دل پر نقش رہے گا جو کبھی ڈھل نہیں سکے گا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت سے میں اپنے ابتدائی ایام کے ایک سینئر، پرعزم، باوفا اور باحوصلہ ساتھی سے محروم ہوگیا ہوں۔ جناب الطاف حسین نے ڈاکٹرعمران فاروق شہید کے والدین، تمام بہن بھائیوں، بیوہ اور بچوں سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور کہا کہ یہ آپ ہی کیلئے نہیں بلکہ ہماری پوری تحریک اور خصوصاً میرے لئے انتہائی صدمہ کا مقام ہے، اللہ تعالیٰ آپ کو اور ہم سب کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے، ڈاکٹرعمران فاروق شہید کی شہادت کو قبول فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے

## ایم کیوایم نے ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پر پاکستان سمیت دنیا بھر میں دس روزہ سوگ کا اعلان کردیا

## دس روزہ سوگ کے دوران دنیا بھر میں ایم کیوایم کی تنظیمی اور سیاسی سرگرمیاں معطل رہیں گی

## ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت ایم کیوایم کی تاریخ کا بہت بڑا سانحہ ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔16، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پر پاکستان سمیت دنیا بھر میں دس روزہ سوگ کا اعلان کیا ہے۔دس روزہ سوگ کے دوران ایم کیوایم کی تمام تنظیمی اور سیاسی سرگرمیاں معطل رکھی جائیں گی۔ یہ فیصلہ رابطہ کمیٹی لندن اور پاکستان کے مشترکہ اجلاس میں کیا گیا۔اجلاس میں ایم کیوایم کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار، انیس قائم خانی اور رابطہ کمیٹی لندن اور پاکستان کے تمام ارکان نے شرکت کی۔رابطہ کمیٹی نے ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت کو ایم کیوایم کی تاریخ کا بہت بڑا سانحہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت ایم کیوایم کے کارکنان وعوام کیلئے بہت بڑا نقصان ہے جس کی تلافی نہیں ہوسکتی۔رابطہ کمیٹی نے قتل کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور شہادت کے واقعہ پر دس روزہ سوگ کا اعلان کیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام کارکنان سے اپیل کی کہ وہ ڈاکٹرعمران فاروق کی المناک شہادت کا صدمہ صبروتحمل سے برداشت کریں اور دس روزہ سوگ میں بھرپور شرکت کریں۔رابطہ کمیٹی نے امید ظاہر کی کہ برطانوی پولیس ڈاکٹرعمران فاروق کے قتل کی تحقیقات کرکے قاتلوں کی بے نقاب کرکے کیفرکردار تک پہنچائے گی۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے ڈاکٹر عمران فاروق کی بیوہ شمائلہ عمران، والد محمد فاروق اور والدہ رئیسہ فاروق اور دیگر سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے کنوینرڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت کے سانحہ پرایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں تعزیت کیلئے آنے والوں کا تانتا

## واجد شمس الحسن نے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ پہنچ کررابطہ کمیٹی سے سانحہ پرتعزیت کی

## ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت ملک کیلئے ایک المناک سانحہ ہے جس پرہرپاکستانی کودلی صدمہ پہنچاہے۔واجد شمس الحسن

## دنیابھرسے مختلف شعبہء زندگی کے تعلق رکھنے والے افرادکی جانب سے تعزیت کی ٹیلیفون کالز

لندن۔۔۔17 ستمبر2010ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے کنوینرڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت کے سانحہ پرگزشتہ روزسے ہی ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں تعزیت کیلئے آنے والوں کا تانتا بندھا ہوا ہے۔ برطانیہ میں پاکستان کے ہائی کمشنرواجد شمس الحسن نے آج ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ پہنچ کررابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات کی اوران سے ایم کیوایم کے رہنماڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت کے سانحہ پرتعزیت کی۔اس موقع پرگفتگوکرتے ہوئے واجد شمس الحسن نے کہاکہ ڈاکٹرعمران فاروق انتہائی شریف النفس انسان اورایک پرعزم سیاسی کارکن تھے ، ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت ملک کیلئے ایک المناک سانحہ ہے جس پرہرپاکستانی کودلی صدمہ پہنچاہے ، ان کی شہادت سے ملک ایک شریف النفس ، ایماندار اور پرخلوص رہنماسے محروم ہوگیاہے۔علاوہ ازیں لندن سمیت برطانیہ کے مختلف شہروں سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم یوکے کے کارکنوں ، بزرگوں ، ماؤں ، بہنوں ، صحافیوں اورمختلف شعبہء زندگی سے تعلق رکھنے والے پاکستانیوں کی بڑی تعدادنے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ آکرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے کنوینرڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت کے سانحہ پرتعزیت کی۔اس کے ساتھ ساتھ پاکستان سمیت دنیابھرسے ایم کیوایم اورمختلف سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماؤں ، کارکنوں ، علمائے کرام ، تاجروں ، صنعتکاروں ، اساتذہ کرام اورمختلف شعبہء زندگی کے تعلق رکھنے والے افرادکی جانب سے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں تعزیت کی ٹیلیفون کالزکا تانتا بندھا ہوا ہے۔

## صوبائی وزیربلدیات آغاسراج درانی کی نائن زیروپررابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

## ڈاکٹرعمران فاورق کی شہادت پرافسوس کا اظہار

کراچی۔۔۔17 ستمبر2010ء

صوبائی وزیربلدیات آغاسراج درانی نے جمعہ کومتحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیروکا دورہ کیااورایم کیوایم کے رہنماؤں سے رابطہ کمیٹی کے کنوینرڈاکٹرعمران فاروق کی المناک شہادت پرتعزیت کا اظہار کیا۔اس موقع پرانہوں نے ایم کیوایم کے ارکان رابطہ کمیٹی سید شعیب احمد بخاری ، مصطفیٰ کمال ، ڈاکٹرصغیراحمد ، کنور نویدجمیل اوراشفاق منگی کے علاوہ قومی اسمبلی ایم کیوایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈرحیدرعباس رضوی اورسندھ اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈرروڈپٹی لیڈرسیدسرداراحمداورفیصل سبزواری سے گفتگوکرتے ہوئے کہاکہ ڈاکٹرعمران فاروق ایک اعتدال پسندسیاسی رہنماتھے یہ صرف ایم کیوایم کانہیں بلکہ پاکستان کا بھی ایک عظیم نقصان ہےان کی شہادت ایک ایساخلاء ہے جوبہت عرصے تک پرنہیں کیاجاسکے گا۔انہوں ے دعاکی اللہ تعالیٰ ڈاکٹرعمران فاروق شہیدکوجنت الفردوس میں جگہ عطافرمائے اورایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سمیت ایم کیوایم کے رہنماؤں ، کارکنوں اورشہیدکے تمام لواحقین کویہ گہراصدمہ برادشت کرنے کی توفیق عطافرمائیں۔

## ملک کی ممتاز اور معروف سیاسی، سماجی، ادبی شخصیات اور سفارتکاروں نے نائن زیرو ٹیلی فون کر کے ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر گہرے دکھ اور دلی ہمدردی کا اظہار کیا

کراچی۔۔۔17، ستمبر 2010ء

ملک کی معروف اور ممتاز سیاسی، سماجی، ادبی شخصیات اور سفارتکاروں نے لندن میں ایم کیو ایم کے سینئر ترین رہنما اور ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کے بہیمانہ قتل کی واردات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور اسے بڑا سانحہ قرار دیا ہے۔ جمعہ کے روز ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر مختلف سیاسی، سماجی، ادبی شخصیات اور سفارتکاروں نے ٹیلی فون کر کے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور منتخب عوامی نمائندوں سے گفتگو کی اور ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق، قائد تحریک جناب الطاف حسین کے قریب ترین ساتھی تھے اور ان کی شہادت نہ صرف جناب الطاف حسین بلکہ ایم کیو ایم کے تمام کارکنان کیلئے گہرے دکھ اور دلی صدمے کا باعث ہے۔ انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین سے بھی ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر تعزیت کی اور شہید کی مغفرت کیلئے دعائیں کیں۔

## برطانوی ڈپٹی ہائی کمشنر کی ڈاکٹر فاروق ستار اور محترمہ نسرین جلیل سے ملاقات ڈاکٹر عمران فاروق کی المناک شہادت پر اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔17 ستمبر 2010ء

کراچی میں متعین برطانوی ڈپٹی ہائی کمشنر Mr.ROBERT GIBSON نے جمعہ کے روز ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر محمد فاروق ستار سے ان کی رہائشگاہ واقع پی آئی بی کالونی میں ملاقات کی اور ایم کیو ایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی المناک شہادت پر دلی رنج و غم اور افسوس کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کی رکن محترمہ نسرین جلیل کے علاوہ برطانوی ڈپٹی ہائی کمشنر کے پولیٹیکل سیکریٹری SHAHAR NIAZI بھی موجود تھے۔ برطانوی ڈپٹی ہائی کمشنر نے ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت کے المناک سانحہ پر اپنی اور برطانوی حکومت کی جانب سے تعزیت کا اظہار کیا اور کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق ایک اعتدال پسند سیاسی رہنماء تھے ان کا قتل پاکستان اور ایم کیو ایم کیلئے بڑا نقصان ہے۔ انہوں نے ڈاکٹر فاروق ستار کو یقین دلایا کہ برطانوی حکومت ڈاکٹر عمران فاروق کے قاتلوں کو گرفتار کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑے گی اور قاتل ہر صورت میں کیفر کردار تک پہنچائیں جائیں گے۔ اس موقع پر ڈاکٹر فاروق ستار نے ڈپٹی ہائی کمشنر کو ڈاکٹر عمران فاروق کی ایم کیو ایم کیلئے جدوجہد اور ایم کیو ایم میں ان کی اہمیت کے متعلق تفصیل سے آگاہ کیا۔ ڈاکٹر فاروق ستار اور نسرین جلیل نے برطانیہ ڈپٹی ہائی کمشنر کی آمد اور ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر ان کی جانب سے کیے جانے والے اظہار تعزیت پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

## محترمہ سائرہ خاتون کی ایم کیو ایم کے کنوینئر ڈاکٹر عمران فاروق کے والدین اور دیگر اہلخانہ سے تعزیت

کراچی۔۔۔17 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہمشیرہ محترمہ سائرہ خاتون نے ایم کیو ایم کے کنوینئر ڈاکٹر عمران فاروق کی المناک شہادت پر سخت افسوس اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ اس سلسلے میں جمعے کو وہ ڈاکٹر عمران فاروق کی رہائشگاہ گئیں اور ان کے والدین خصوصاً والدہ اور دیگر قریبی سوگواران سے اپنے افسوس اور تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے انہیں تسلی دی اور دعا کی اللہ تعالیٰ ڈاکٹر عمران فاروق شہید کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور انہیں یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

## ڈاکٹرعمران فاروق کی المناک شہادت نا قابل تلافی نقصان اور بڑا سانحہ ہے
## مختلف سیاسی و مذہبی، سماجی شخصیات اور شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی نائن زیرو اور
## ڈاکٹرعمران فاروق شہید کی رہائش گاہ پر سوگوارن اور رابطہ کمیٹی کے ارکان سے تعزیت

کراچی۔۔۔17 ستمبر 2010ء

پاکستان کی مختلف سیاسی و مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں، صوبائی وزراء مشیران، علمائے کرام، سماجی تنظیموں ادبی وصحافتی شخصیات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق شہید کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور نائن زیرو عزیز آباد اور ڈاکٹرعمران فاروق شہید کی رہائش گاہ واقع شریف آباد جا کر سوگوارن سے تعزیت کی ۔تعزیت کرنے والوں میں پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما نجمی عالم، وقار مہدی، راشد ربانی، محترمہ شرمیلا فاروقی، ایاز سومرو، مسلم لیگ فنکشنل کے رہنماء امتیاز شیخ، سابق وفاقی وزیر ڈاکٹر عاصم، سابق رکن قومی اسمبلی حلیم صدیقی، سنی تحریک کے مرکزی رہنماء شاہدغوری، معروف ڈاکٹر و سرجن ڈاکٹر وقار کاظمی اور دیگر، معروف اداکار عمر شریف، ممتاز عالم دین علامہ علی کرار نقوی اور علامہ اطہر مشہدی کے علاوہ مختلف تاجر انجمنوں، مقامی سماجی و ادبی وصحافتی شخصیات نے نائن زیرو پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان جاوید کاظمی، شعیب احمد بخاری، کنور خالد یونس، سید مصطفیٰ کمال، سیف یار خان، کنور نوید جمیل، وسیم آفتاب، ڈاکٹر صغیر احمد، اشفاق منگی، قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حیدر عباس رضوی اور صوبائی وزیر سید فیصل سبزواری سمیت ایم کیوایم کے دیگر ذمہ داران سے ملاقات کی ۔ دریں اثناء ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو اور ڈاکٹرعمران فاروق شہید کی رہائشگاہ پر ٹیلی فون پر تعزیت کرنے والوں میں مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنماء اسحاق ڈار، مسلم لیگ ق کے صوبائی صدر غوث بخش مہر، عوامی نیشنل پارٹی سندھ کے جنرل سیکریٹری امین خٹک اور جمعیت علمائے اسلام کے قاری عثمان سمیت دیگر اہم شخصیات نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار کو ٹیلی فون کرکے ڈاکٹرعمران فاروق کی المناک شہادت پر دلی افسوس اور تعزیت کا اظہار کیا۔انہوں نے ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت کو ایک نا قابل فراموش اور بڑا سانحہ قرار دیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ڈاکٹرعمران فاروق شہید کی مغفرت اور ان کے بلند درجات، قائد تحریک الطاف حسین، ایم کیوایم کے کارکنان سمیت شہید کے والدین، بھائی بہن، عزیز و اقارب اور دیگر سوگوار لواحقین کے صبر جمیل کیلئے دعا کی ۔علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پر تعزیت کیلئے نائن زیرو اور ڈاکٹرعمران فاروق کی رہائشگاہ آنے والے تمام سیاسی و مذہبی رہنماؤں، علمائے کرام، سماجی شخصیات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے تمام افراد کا قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے شکریہ ادا کیا۔

## ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق شہید کیلئے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں قران خوانی و فاتحہ خوانی
## ایم کیوایم کے کارکنان، بزرگوں، نوجوانوں اور خواتین کی بڑی تعداد میں شرکت

لندن۔۔۔17 ستمبر 2010ء

ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق کی اندوہناک شہادت پر ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں دن بھر قران خوانی اور فاتحہ خوانی کا سلسلہ جاری رہا۔دن بھر برطانیہ کے مختلف شہروں سے آنیوالے ایم کیوایم کے کارکنان، بزرگ، نوجوانوں اور خواتین کی ایک بڑی تعداد نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ڈاکٹرعمران فاروق کے ایصال ثواب کے لئے قران خوانی کی اور ان کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ پڑھی اور شہید رہنماء کو خراج عقیدت پیش کیا۔اس کے علاوہ مختلف وفود نے بھی ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ پہنچ کر ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے کنوینر شہید ڈاکٹرعمران فاروق کی المناک شہادت پر افسوس کا اظہار کیا اور تعزیت کی ۔

☆☆☆☆☆